# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: جائزہ(2) | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(22منٹ)

- سرگرمی کے سوال نمبر 1 میں دی کہانی کی پڑھائی کروائیں۔
- متفرق طلبہ سے دیئے گئے سوالات کے زبانی جوابات سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور ان سے سوال نمبر2 میں دی گئی تصاویر کے بارے میں دو دو جملے بولنے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے سوال نمبر 3 میں دیئے گئے بے معنی الفاظ روانی سے پڑھوائیں۔
- سوال نمبر4 میں دیے گئے جملوں کو بورڈ پر لکھیں متفرق بچوں کو بورڈ پر بلا کر ان میں اسم ضمیر لگوائیں۔
- سوال نمبر5 میں دیے گئے الفاظ کے مترادف کاپیوں میں لکھوائیں۔
- سوال نمبر6 میں دیے گئے جملے درست عددی ترتیب لگوا کر مکمل کروائیں۔
- سوال نمبر7 میں دی گئی درخواست کاپی پر لکھوائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے لکھے جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(0منٹ) N/A

**گھر کا کام**(2منٹ): جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: بڑی عید، بڑی قربانی | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکریاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں: آپ بڑی عید پر کس جانور کی قربانی کرتے ہیں؟
- کیا آپ قربانی کے جانور کا خیال رکھتے ہیں؟

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 51 کھولیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "بڑی عید بڑی قربانی" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کرلیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔

- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 51 پر موجود مشق پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- الفاظ اور ان کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔ جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب اِن پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ، معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتّے ہوں وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔
- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کر دیں۔
- اس سرگرمی کے تحت تمام الفاظ معانی کے جوڑے بنائیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس دل چسپ سرگرمی سے بچوں کو الفاظ معانی جلدی اور آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔ اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مَصنُوعات | | مُشتمل | |
| بنّجر | | عادی | |
| اَیام | | جُرأت مند | |
| مَدفُون | | دُگنی | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: بڑی عید، بڑی قربانی | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جوابات کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشاندہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، گتے کا پہیا، ٹوکری، سوالات کی پرچیاں، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔
- پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں جس میں سبق "بڑی عید، بڑی قربانی" میں سے کوئی سے چار سوالات پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں اور ان کی باہر کی جانب ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا، بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں۔
- بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات اور ان کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیتے رہیں اور ان کی رہنمائی کریں۔
- کتاب کے صفحہ 54 پر موجود سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ 6 کارڈ لیں، جن پر تین ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے دو غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے چار کارڈ اس طرح سے کل 24 کارڈ بنائیں۔

- یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔
- بچوں کو 5 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔
- پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(5منٹ) ورک شیٹ حل کر کے لائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

ا۔ علی کے اباجان نے بکرا کیوں خریدا؟

جواب: ____________________

۲۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں کیا دیکھا؟

جواب: ____________________

۳۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا کیا جواب دیا؟

جواب: ____________________

۴۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب حضرت اسماعیل علیہ السلام کی گردن پر چھری چلائی تو کیا ہوا؟

جواب: ____________________

**درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

الف) علی کی آنکھ کھُلی:
(i) مُرغے کی آواز سے (ii) بکرے کی آواز سے (iii) بیل کی آواز سے

ب) گزشتہ رات ہی سے اُداس تھا:
(i) اظہر (ii) علی (iii) دانش

ج) علی کو تکبیرات یاد کروائی تھیں:
(i) دادی جان نے (ii) ابّا جان نے (iii) امّی جان نے

د) اللہ تعالیٰ کے عظیم پیغمبر نے خواب دیکھا:
(i) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے (ii) حضرت اسماعیل علیہ السلام نے (iii) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے

ہ) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب سُنایا:
(i) حضرت یعقوب علیہ السلام کو (ii) حضرت اسماعیل علیہ السلام کو (iii) حضرت اسحاق علیہ السلام کو

و) حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے کو لے گئے:
(i) جنگل میں (ii) مَیدان میں (iii) کمرے میں

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: بڑی عید، بڑی قربانی | |

**مقاصد:** سبق کو مکالماتی انداز میں دہرا سکیں۔
معمے میں سے الفاظ تلاش کر کے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو، سوم"، معمے کی پرچیاں، مختلف رنگوں کی کاغذ کی چٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ انھیں سبق غور سے سننا ہے، پھر اس سے متعلق ان سے سوالات پوچھیں جائیں گے۔
- اس کے بعد دو گروہوں میں بچوں کو تقسیم کریں۔
- بعد ازاں ہر گروہ سے ایک بچے کو منتخب کریں اور ایک بچے کو علی اور دوسرے کو دادی جان کا کردار دے کر سبق کو مکالماتی انداز میں پیش کروائیں۔
- جب بچے مکالمہ ادا کر رہے ہوں تو باقی بچوں سے پوچھیں کہ کیا مکالمہ ادا کرنے والے بچے درست تلفظ اور زبان کا استعمال کر رہے ہیں۔ تمام بچوں سے باری باری جواب لیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو ہم آواز الفاظ کی تعریف بتائیں کہ ایسے الفاظ جن کو پڑھنے اور سننے میں آواز ایک جیسی ہو، انھیں ہم آواز الفاظ کہتے ہیں۔
- بچوں سے درسی کتاب کا صفحہ نمبر 56 کھلوائیں۔ جماعت کے بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔
- اور انھیں سبق کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ انھیں پیشگی آگاہ کر دیں کہ ان صفحات کے بارے میں ان سے کوئی بھی سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔ بچوں کو دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔ دوران سرگرمی بچوں کا جائزہ لیتے رہیں کہ وہ مطالعے کی درست عادات کو اپناتے ہوئے مطالعہ کر رہے ہوں۔
- اب بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔ اب ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 6 میں دیے گئے الفاظ پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں (Strips) دیں، جن کے آگے لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ اس کے علاوہ ہر گروہ کو سوال نمبر 6 میں دیے گئے معمے کی پرچیاں دیں۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ چٹوں(Strips ) پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں۔ اس کے بعد پرچیوں پر بنے ہوئے معمے میں سے متعلقہ الفاظ کے ہم آواز الف تلاش کریں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر ایک طرف معما بھی بنا دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا لفظ آیا تھا، پھر معمے میں سے اس الفاظ کے ہم آواز حروف تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں اور پھر خالی جگہ میں ہم آواز لفظ لکھے۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) سوال نمبر 6 میں دیا گیا معمہ بورڈ پر لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ہم آواز لفظ لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم:      یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: بڑی عید، بڑی قربانی | |

**مقاصد:** استفہامی اور انکاری جملوں کو ایک دوسرے میں تبدیل کر سکیں۔

اسم معرفہ کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، گیند،، گھنٹی، جملوں کی پرچیاں،، ورک شیٹ،

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گذشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنادیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو کوئی گیند دیں، جس پر پانچ استفہامیہ جملوں کی چٹیں اس طرح سے لگی ہوں کہ ان پر لکھے ہوئے جملے نظر نہ آئیں۔
- خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو، گیند پر لگی ہوئی چٹوں میں سے ایک چٹ اتار کر اس پر لکھا ہوا جملہ بتائیں اور اس بچے کو اس جملے کو انکاری جملے میں تبدیل کرنے کے لیے کہیں۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ استفہامیہ جملوں سے کیا مراد ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں استفہامیہ جملہ لکھیں: ☆ کیا سڑک پر ٹریفک زیادہ تھی؟
- بچوں سے جملہ پڑھوائیں۔ جملوں میں سوالیہ کی علامت کو کلر کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ اوپر دیے ہوئے جملے میں نمایاں کی گئی علامت سوالیہ کی علامت کہلاتی ہے۔ اسے سوالیہ نشان بھی کہتے ہیں۔ یہ نشان سوالیہ جملوں کے آخر میں لگاتے ہیں۔ جن جملوں میں کوئی بات یا سوال پوچھا جائے انھیں "سوالیہ یا استفہامیہ جملے" کہتے ہیں۔
- اب دوسرے کالم میں اقراری جملے کی سرخی لکھیں اور جملہ لکھیں: ☆ جی ہاں، سڑک پر ٹریفک زیادہ تھی۔

- بچوں کو بتائیں کہ اس جملے میں استفہامیہ جملے کے جواب میں اقرار کیا گیا ہے۔ وہ جملے جن میں کسی بات کا اقرار کیا جائے، انھیں اقراری جملے کہتے ہیں۔
- اب تیسرے کالم میں انکاری جملے کی سرخی لکھیں اور جملہ لکھیں: ☆ سڑک پر ٹریفک زیادہ نہیں تھی۔
- بچوں کو بتائیں کہ کالم ج میں دیے ہوئے جملے میں استفہامیہ جملے کے جواب میں انکار کیا گیا ہے۔ وہ جملے جن میں کسی بات کا انکار کیا جائے، انھیں انکاری جملے کہتے ہیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے جملے لکھیں۔ بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ اب پہلا جملہ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ وہ جملہ استفہامیہ ہے، انکاری ہے یا اقراری؟ بچوں کے جوابات لیں۔ جملہ استفہامیہ ہے، اس لیے اب جملے کے سامنے مثلث نما شکل بنائیں اور جملہ پڑھائیں اس طرح سے باقی جملوں پر یہ سرگرمی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں جیسے آپ کا اور میرا نام ہے، ایسے ہی ہر چیز کا ایک نام ہوتا ہے جسے اس کہتے ہیں۔ جبکہ کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم معرفہ کہتے ہیں۔ جیسے لاہور، کراچی، احمد وغیرہ۔
- سوال نمبر 9 کی سرگرمی کروانے کے لیے دیئے گئے الفاظ میں سے درست اسم معرفہ کی پہچان کروائیں اور کتاب میں دی گئی جگہ پر لکھوائیں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں اور بچوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ان میں جملے، استفہامیہ اور انکاری جملے کی سرخی لکھ دیں۔ اب جملے والے کالم میں سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے جملے ملا کر لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے استفہامیہ، اقراری اور انکاری جملوں کو تلاش کر کے متعلقہ خانوں میں لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیئے گئے جملے غور سے پڑھیں۔ استفہامیہ، اور انکاری جملوں کی شناخت متعلقہ خانے میں رنگ بھر کر کریں۔

| جملے | استفہامیہ جملے | انکاری جملے |
|---|---|---|
| رضا نے کھانا نہیں کھایا تھا۔ | | |
| جی ہاں! کل بارش ہوئی تھی۔ | | |
| ہم سیر کے لیے جائیں گے۔ | | |
| کیا آج اسکول سے چھٹی ہے؟ | | |
| جی ہاں! مالی نے پودوں کو پانی دیا تھا۔ | | |
| فاطمہ اسکول نہیں گئی۔ | | |

| | | |
|---|---|---|
| کیا یہ بستہ تمھارا ہے؟ | | |
| احمد نے خط نہیں لکھا۔ | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: بڑی عید، بڑی قربانی | |

**مقاصد:** تصویر دیکھ کر دس جملوں پر مشتمل عبارت لکھ سکیں۔

تقریر کے مراحل کا خیال رکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب، تصویری کہانی کے فلیش کارڈ

## تحریکی سرگرمی:

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گذشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ہم آج ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور انھیں کسی تصویری کہانی کے فلیش کارڈ دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تصاویر کو دیکھیں اور ان کی مدد سے کہانی بنائیں۔ نیز اس کا کوئی اچھا سا عنوان اور اخلاقی سبق بھی تجویز کریں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد باری باری دونوں گروہوں کو ان بنائی گئی کہانی جماعت میں سنانے کے لیے کہیں۔ تیسرے گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ دونوں گروہوں کی بنائی گئی کہانی غور سے سنے
- کیونکہ بعد میں ان سے اہم نکات پوچھیں جائیں گے۔ جب دونوں گروہ اپنی اپنی کہانی سنا دیں تو پھر تیسرے گروہ کے کسی بچے سے کہانی کے اہم نکات سنیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں سوال نمبر میں دی گئی تصاویر پر آپس میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھیں کہانیاں سننا پسند ہے؟ ان سے پوچھیں کہ وہ کس طرح کی کہانیاں شوق سے پڑھتے یا سنتے ہیں؟ ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر دو تصویریں چسپاں کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ: ☆ یہ تصاویر کس تہوار کی ہیں؟ ☆ آپ یہ تہوار کیسے مناتے ہیں؟

| |
|---|
| • بچوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ تہوار ہمارے لیے انعام ہے۔ انھیں بتائیں یہ تصاویر عید الاضحیٰ کی ہے۔ اس عید پر مسلمان اللہ کی راہ میں اونٹ، بھیڑ، بکری کی قربانی کرتے ہیں۔ در حقیقت یہ عید حضرت ابراہیمؑ کی قربانی کی یاد میں منائی جاتی ہے۔<br>• اس کے بعد بچوں کو دس جملے لکھوائیں۔<br>• سوال نمبر 11 کی سرگرمی کروانے کے لیے دیا گیا موضوع "میرا پسندیدہ تہوار" بورڈ پر لکھیں۔<br>• بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک نام دے دیں۔ جیسے: گروہ چاند، گروہ سورج، گروہ ہوا، گروہ بارش۔ ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کریں۔ اب ہر گروہ میں دیے گئے موضوع پر تقریر تیار کروائیں۔<br>• معلومات پر مبنی پرچیاں ہر گروپ میں تقسیم کریں اور انھیں ہدایت دیں کہ بچے مل کر دی گئی معلومات پر تقریر تیار کریں۔ باری باری ہر گروپ کے پاس جائیں اور لب و لہجے کے اتار چڑھاؤ، تلفظ اور ہاتھوں کے اشاروں کا استعمال کرتے ہوئے تقریر تیار کرائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔ |